باب 11

میرے اِرد گرد موسیقی

4537CH11

آپ نے کلاس میں موسیقی اور آواز کا مطالعہ کیا ہے اور آپ نے بہت سے گیت سیکھے ہیں۔ اب آیئے غور کرتے ہیں کہ موسیقی آپ کی روزمرّہ زندگی کا کس طرح حصّہ ہے۔

سرگرمی 11.1a

میرے اردگرد موسیقی کا چارٹ

اپنی روزانہ کی سرگرمی کا چارٹ بنایئے۔ ان تمام جگہوں اور اوقات کو نوٹ کیجیے جہاں آپ موسیقی اور مختلف آوازیں سنتے ہیں۔

بائیں طرف ایک مثال دی گئی ہے مگر آپ اسے اپنی پسند کے مطابق مزید دلچسپ بھی بنا سکتے ہیں۔

سرگرمی 11.1b

چارٹ ساجھا کیجیے

اپنا چارٹ کسی ساتھی طالب علم کے ساتھ ساجھا کیجیے اور ان کے چارٹ بھی دیکھیے۔

دیکھیے کہ ان میں کہاں یکسانیت ہے؟

کیا آپ روزانہ موسیقی سنتے ہیں؟ کیا کوئی ایسی جگہ ہے جہاں آپ مزید موسیقی سننا پسند کریں گے؟

وقت	صبح 7:00 بجے	صبح 7:15 بجے
جگہ	بستر	گھر
تقریب	الارم	ریڈیو پر دعائیں
آواز یا موسیقی	آواز	موسیقی
اس سے مجھے کیا محسوس ہوتا ہے	چڑچڑاپن	پُرسکون

© NCERT not to be republished

موسیقی کی اصطلاحات

یہاں موسیقی کی کچھ اصطلاحات دی گئی ہیں جو آپ کو آواز اور موسیقی کو بہتر انداز میں بیان کرنے میں مدد دیں گی۔

پچ (Pich): یہ بتاتا ہے کہ آواز اُونچی ہے یا نیچی۔

دھن (Melody): مختلف نوٹوں کی خاص ترتیب سے بننے والی موسیقی کی لے یا نغمہ۔

لَے (Rhythm): گانے میں آواز اور وقفوں کی ترتیب اور انداز کو لَے کہتے ہیں۔

رفتار (Tempo): موسیقی کے بجنے کی تیزی یا آہستگی کو رفتار کہتے ہیں، جیسے ایک منٹ میں کتنے بیٹ ہوتے ہیں۔

ہم آہنگی (Harmony): جب دو یا دو سے زائد نوٹ ایک ساتھ بجتے ہیں تو جو آواز پیدا ہوتی ہے اسے ہم آہنگی کہتے ہیں۔

صوتی رنگ (Timbre): کسی آواز کی وہ خاصیت جو یہ بتاتی ہے کہ ایک آواز یا ساز دوسرے سے مختلف کیوں لگتا ہے۔

صوتی شدت (Dynamics): آواز کا تیز یا دھیمی ہونا، یا اس کی بلند یا مدھم ہونے کی کیفیت۔

سرگرمی 11.2

اپنے اردگرد کی آوازیں ریکارڈ کرنا

اپنے چارٹ اور دوست کے چارٹ کا جائزہ لیجیے اور دیکھیے کہ آپ کے اردگرد روزمرہ زندگی میں کتنی بار موسیقی یا مختلف آوازیں سنائی دیتی ہیں۔

اگر ممکن ہو تو اپنے ماحول کی کچھ آوازیں ریکارڈ کیجیے۔

ان آوازوں کی وضاحت کے لیے وہ اصطلاحات استعمال کیجیے جو آپ نے یہاں سیکھی ہیں۔

© NCERT not to be republished

موضوعاتی گیت

یہاں بھارت کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے دو گیت پیش کیے گئے ہیں۔ آیئے، ہم ان گیتوں کو گانا سیکھتے ہیں۔

گیت: پرچم گیت

موسیقار: مہاکوی والاتھول نارائن مینن

زبان: ملیالم

پورا پورا نالل دورا دورم اُیارٹے
بھارت کشما دیوی یودے تھرپ تھاککل

آکاش پوی کائل پتو تھ کم الئی لکاٹے
لوک بندھو گتکوٹا مارگّم کٹاّٹے

ایکی بھاوی چورنگک ایکودر جاتر نمل
کائی کژھوکی تھڈککی کودی ایڈکن

نمل نوتا نولکونڈنمل نیتھا وسترم کونڈ
نرمتم اتھنے اتھکر انتیہ آورارم

کرتھیستھرم نمدے ای نتیہ سوتھنتر تھلاتھا
ستیا کوڈی مرتھن میل سمشو بھِکٹے

© NCERT not to be republished

گیت کا خلاصہ: ’پوراپورا‘ ایک گیت ہے جو قومی پرچم کی عظمت کو بیان کرتا ہے۔اس میں شاعر والاتھول نے خواہش ظاہر کی ہے کہ ہمارا قومی پرچم ہمیشہ سر بلند رہے۔وہ ایک محبِ وطن شاعر تھے جن کی قومی جذبات سے بھرپور نظموں نے ہزاروں بھارتیوں کو آزادی کی جدوجہد میں شامل ہونے کا حوصلہ دیا۔

گیت: چمبا کتنی دور
روایتی گیت
زبان: ہماچلی

مائے نی میریے شملے دی راہیں
چمبا کتنی دُور… ہائے
مائے نی میریے شملے دی راہیں
چمبا کتنی دُور
شملے نی وسنا، کسولی نی وسنا
شملے نی وسنا، کسولی نی وسنا
چمبے جانا ضرور… ہائے… چمبے جانا ضرور
لائیاں محبتاں دُور درازے
لائیاں محبتاں دُور دراز
اکھیاں توں ہویا قصور… ہائے
اکھیاں توں ہویا قصور
چمبے جانا ضرور… ہائے… چمبے جانا ضرور

© NCERT not to be republished

گیت کا خلاصہ: یہ ہماچل پردیش کا ایک پہاڑی لوک گیت ہے جو فطرت اور محبت کے موضوع پر مبنی ہے۔

جائزہ

باب 11 – میرے اردگرد موسیقی			
سی جی	آموزشی ماحصل	استاد	خود
4.1	پچ، رفتار اور آواز کی بلندی جیسی اصطلاحات استعمال کرتے ہوئے موسیقی کی وضاحت کرنا۔		
2.2	مختلف گیتوں کے موضوعات اور مزاج کو سمجھنا۔		
2.1	انفرادی طور پر اور گروپ میں مختلف گیتوں کی مشق کرنا اور پیش کرنا۔		

استاد کے مشاہدات: ____________________

____

____

دیگر تاثرات: ____________________

____

____

© NCERT not to be republished